## گلگت بلتستان کو سینیٹ اور قومی اسمبلی میں نمائندگی دی جائے۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کے دور میں گلگت بلتستان کو اسکے تمام غصب شدہ حقوق حاصل ہوں گے

## ہم چاہتے ہیں کہ گلگت بلتستان میں بھی عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم ہو،عوام ایک دوسرے کے عقیدے کا احترام کریں

## گلگت بلتستان کے بلدیاتی اداروں کو خودمختار بنایا جائے اور انہیں فنڈز فراہم کئے جائیں

## گلگت بلتستان پریس کلب کی دعوت پر ''میٹ دی پریس'' سے ٹیلیفون پر خطاب

لندن۔۔۔27،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گلگت بلتستان کو سینیٹ اور قومی اسمبلی میں نمائندگی دی جائے اور گلگت بلتستان کو اس کے تمام غصب شدہ حقوق دیئے جائیں۔انہوں نے یہ مطالبہ آج گلگت بلتستان پریس کلب کی دعوت پر ''میٹ دی پریس'' سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔میٹ دی پریس میں کئی ٹی وی چینلز اور قومی اور مقامی اخبارات کے نمائندوں ،گلگت بلتستان یونین آف جرنلسٹ کے عہدیداروں کالم نگاروں اور صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام میں بڑے بڑے جاگیردار،وڈیرے،سرمایہ دار اور بے تحاشہ دولت رکھنے والے لوگ ہی اپنے پیسے اور جاگیروں کے بل پر سینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلیوں میں پہنچتے رہے ہیں جبکہ غریب ومتوسط طبقہ کا فرد چاہے کتنا ہی قابلیت اور صلاحیت رکھتا ہو وہ ایوانوں میں نہیں آسکتا۔یہ اعزاز صرف ایم کیوایم کو حاصل ہے کہ اس نے پاکستان کی سینیٹ،قومی اسمبلی،صوبائی اسمبلی اور بلدیاتی ایوانوں میں غریب اور متوسط طبقہ کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو بھیجا۔انہوں نے کہا کہ اس جدوجہد میں ایم کیوایم نے آگ اور خون کے دریا عبور کئے،ہزاروں ساتھی شہید ہوئے،ہزاروں اسیر بے گھر اور لاپتہ ہوئے لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے کڑی سے کڑی آزمائش کا سامنا کیا اور تمام تر نامساعد حالات کے باوجود ملک سے کرپٹ پولیٹیکل کلچر کے خاتمہ اور اپنے حق پرستانہ مشن کی جدوجہد کرتے رہے اور آج ان قربانیوں کی بدولت کراچی سے کشمیر تک ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ کا کرم ہے کہ آج گلگت بلتستان کی پہاڑیوں اور جنت نظیر وادیوں میں ایم کیوایم کا پرچم لہرا رہا ہے۔گلگت بلتستان کے ساتھیوں پر مجھے فخر ہے جو تمام تر نامساعد حالات کے باوجود تحریک کے پیغام کو پھیلانے میں رات دن مصروف ہیں اور میں انہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان،اسکردو اور دیگر ملحقہ علاقوں کے عوام ماؤں،بہنوں،بزرگوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور دولتمندوں کے تسلط کا خاتمہ چاہتے ہیں تو آپ حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں جو غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔انہوں نے کراچی میں آباد گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے رشتہ داروں کو کہیں کہ وہ ایم کیوایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک لبرل اور پروگریسو جماعت ہے جو تمام پاکستانیوں کی نمائندہ جماعت ہے اور اس میں مسلمانوں کے علاوہ تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے پاکستانی شہری بڑی تعداد میں شامل ہورہے ہیں۔ایم کیوایم ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی چاہتی ہے۔انہوں نے گلگت بلتستان کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ اپنے مسلک،عقیدے اور مذہب کو چھوڑو نہیں اور دوسرے کے مسلک،عقیدے،فقہ یا مذہب میں چھیڑ چھاڑ نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کی جدوجہد میں شیعہ سنی سمیت ہر فقہ،ہر مسلک اور ہر کمیونٹی کے لوگ شریک تھے۔اس جدوجہد میں جہاں مالی اعتبار سے میمن کمیونٹی کا بڑا حصہ نظر آتا ہے وہاں اسماعیلی کمیونٹی کا بھی بڑا عمل دخل اور بڑا کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں نے رات دن جدوجہد کرکے سندھ میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کی ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ گلگت بلتستان میں بھی عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم ہو،عوام ایک دوسرے کے عقیدے کا احترام کریں۔انہوں نے گلگت بلتستان میں آباد اسماعیلی کمیونٹی سے اپیل کی کہ ایم کیوایم آپ کی جماعت ہے،آپ اس میں شامل ہوجیئے۔انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گلگت بلتستان کو سینیٹ اور قومی اسمبلی میں نمائندگی دی جائے اور گلگت بلتستان کو اسکے تمام غصب شدہ حقوق دیئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اب گلگت بلتستان میں کام کررہی ہے اور انشاء اللہ وہ دن آئے گا جب سینیٹ اور قومی وصوبائی اسمبلی میں گلگت بلتستان کی نمائندگی حاصل ہوگی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے مسائل پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی اور وفاقی حکومت سے ان مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان میں پولیس میں مزید بھرتیاں کی جائیں اور ان کی تنخواہیں دیگر صوبوں کے مقابلے میں زیادہ کی جائیں۔سرکاری محکموں میں ملازمتوں میں بھی گلگت بلتستان کے لوگوں کیلئے خصوصی کوٹہ مقرر کیا جائے اور ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر گلگت بلتستان کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔ملک بھر کے تعلیمی اداروں اور ہاسٹلز میں گلگت بلتستان کے طلبہ کا کوٹہ مقرر کیا جائے اور طلبہ کے جائز مسائل کو حل کیا جائے۔گلگت بلتستان کے لوگوں کا روزگار زیادہ تر

سیاحت سے وابستہ ہے لہٰذا گلگت بلتستان میں سیاحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے اور سیاحت کے شعبہ کیلئے خصوصی گرانٹ کا اعلان کیا جائے۔گلگت بلتستان میں انجینئرنگ اور میڈیکل کالجز اور یونیورسٹی قائم کی جائیں۔ پی ٹی وی اور دیگر چینلز پر گلگت بلتستان کے مسائل اور ایشوز کو بھی کوریج دی جائے۔ علاقے میں سڑکوں پلوں اور مواصلات کے نظام کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔گلگت بلتستان میں پہاڑوں پر پانی کا نظام اس طرح کا ہے کہ یہاں ڈیم بنائے جاسکتے ہیں لہٰذا بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے یہاں ڈیم بنانے پر توجہ دی جائے۔گلگت بلتستان میں پائے جانے والے معدنیات اور قدرتی وسائل کو کارآمد بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔گلگت بلتستان کے بلدیاتی اداروں کو خودمختار بنایا جائے اور انہیں فنڈز فراہم کئے جائیں۔گلگت بلتستان کے تمام اضلاع میں پریس کلب کے قیام کیلئے خصوصی گرانٹ کا اعلان کیا جائے اور یہاں کے صحافیوں کیلئے بھی ویج بورڈ ایوارڈ کا اعلان کیا جائے۔ اسکردو ایئرپورٹ کو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا درجہ دیا جائے۔ مقامی فنکاروں کی فلاح و بہبود کیلئے ٹرسٹ قائم کیا جائے۔گلگت بلتستان میں تعلیم کو عام کرنے کیلئے یہاں اسکولوں اور فنی تعلیم کے ادارے قائم کئے جائیں۔ بیروزگاروں کو روزگار کی فراہمی کیلئے چھوٹے چھوٹے انڈسٹریل زون قائم کئے جائیں۔صحت کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے یہاں اسپتال اور ڈسپنسریاں قائم کی جائیں۔گلگت بلتستان میں اسپورٹس اور کلچر کے فروغ کیلئے تاریخی کھیل پولو کے فروغ کیلئے گراؤنڈ کی تعمیروترقی کیلئے ادارہ قائم کیا جائے۔گلگت بلتستان میں لائیواسٹاک، جنگلات، جنگلی حیات کی ترقی اور تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔گلگت بلتستان میں سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے اولڈ ایج بینیفٹ اور لیبر ڈپارٹمنٹ قائم کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ انشاءاللہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو ایم کیوایم نہ صرف گلگت بلتستان کے ان مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دے گی بلکہ انشاءاللہ ہماری حکومت کے دور میں علاقے کے بنیادی مسائل حل ہوں گے اور گلگت بلتستان کو اس کے تمام غصب شدہ حقوق حاصل ہوں گے۔

## حق پرست نمائندے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں گلگت بلتستان کیلئے اصلاحات کے پیکج کو آئینی تحفظ دلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، الطاف حسین

**ایم کیوایم نے مسلم لیگ ق سے اتحاد کیا تھا پرویز مشرف سے نہیں آج 17 سال بعد لوگ کہہ رہے ہیں کہ جناح پور کا نقشہ ڈرامہ تھا**

**ایم کیوایم ملک میں کرپشن سے پاک سیاسی کلچر کا قیام چاہتی ہے اور اس کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے**

**گلگت پریس کلب کے تحت میٹ دی پریس سے خطاب کے بعد سوالوں کے جوابات**

لندن۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست سینیٹرز اور ارکان قومی اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ وہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے ایوانوں میں وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کیلئے اصلاحات کے پیکج کو آئینی تحفظ دلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان سے بھی فرقہ واریت کا خاتمہ کرکے فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کرے گی۔ یہ بات انہوں نے منگل کے روز گلگت پریس کلب کی دعوت پر میٹ دی پریس سے خطاب کے بعد صحافیوں کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے کہی۔ گلگت بلتستان کیلئے اصلاحات کے پیکج کو آئینی تحفظ دلانے کے حوالہ سے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔انہوں نے حق پرست سینیٹرز اور ارکان قومی اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ وہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے ایوانوں میں وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کیلئے اصلاحات کے پیکج کو آئینی تحفظ دلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اس سلسلے میں ایوانوں میں آواز اٹھائیں۔فرقہ واریت کے حوالہ سے ایک سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے گلگت بلتستان میں عملی طور پر کام کرنا شروع کردیا ہے اور انشاءاللہ ایم کیوایم کراچی، حیدرآباد اور سندھ کے دیگر شہروں کی طرح فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے ہرممکنہ کردار ادا کرے گی، ایم کیوایم کے نمائندے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے ملاقات کرکے ان سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے کردار ادا کرنے کی درخواست کرے گی اور انشاءاللہ گلگت بلتستان میں ایسا ماحول بنائے گی کہ یہاں سے بھی فرقہ واریت ختم ہوگی، تمام مکاتب فکر کے عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم ہوگی اور سب بھائیوں کی طرح مل جل کر رہیں گے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب طبقہ کی جماعت ہے، دنیا میں جہاں جہاں حقوق کی تحریکیں چلی ہیں انہیں نہ صرف مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ انہیں حالات کے جبر کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔گلگت بلتستان میں تنظیمی کام شروع کرنے میں تاخیر کی ایک وجہ وقتاً فوقتاً ایم کیوایم کے خلاف اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے کئے گئے آپریشن بھی ہیں جو ایم کیوایم کی راہ میں رکاوٹ بنے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں اپنے ملک، عوام اور کارکنان سے دور رہنا نہیں چاہتا بلکہ وطن واپس آنا چاہتا ہوں لیکن ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور تمام کارکنان کا متفقہ فیصلہ ہے کہ میری وطن واپسی کے حوالہ سے ابھی حالات

مناسب نہیں ہیں اور جب تک وہ اجازت نہ دیں اس وقت تک میں بیرون ملک رہتے ہوئے تنظیم چلاؤں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان اور یہاں کے عوام کو گزشتہ 62 سال سے نظر انداز کیا گیا ہے تاہم آپ تھوڑا صبر کرلیں۔ایم کیوایم یہاں آ گئی ہے اور انشاء اللہ گلگت بلتستان کے عوام کے تمام جائز مسائل حل کرنے کیلئے ایم کیوایم اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ جب جنرل (ر) پرویز مشرف نے اقتدار سنبھالا تو ایم کیوایم نے ان سے اتحاد نہیں کیا بلکہ ایم کیوایم نے ان کے دور میں کئے گئے بلدیاتی انتخابات کا بھی بائیکاٹ کیا تھا۔تاہم جب عام انتخابات ہوئے اور مسلم لیگ (ق) الیکشن میں کامیاب ہوئی تو ایم کیوایم نے مسلم لیگ (ق) سے اتحاد کیا تھا پرویز مشرف سے اتحاد نہیں کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہر قسم کی تفریق سے بالاتر ہوکر عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف بڑے پیمانے پر منفی پروپیگنڈہ کیا گیا تاکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھا جاسکے لیکن آج 17 سال بعد لوگ ٹی وی پر آکر کہہ رہے ہیں کہ جناح پور کا نقشہ جعلی اور ڈرامہ تھا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں کرپشن سے پاک سیاسی کلچر کا قیام چاہتی ہے اور اس کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔جب آئی ایس آئی کے سابق سربراہ جنرل (ر) حمید گل کے کہنے پر بریگیڈیئر (ر) امتیاز احمد میرے پاس نوٹوں سے بھرے بریف کیس لائے تو میں نے نوٹوں سے بھرے بریف کیس واپس کرتے ہوئے ان سے کہا کہ جنرل صاحب سے کہہ دیں کہ مجھے خریدنے کی کوشش نہ کریں۔آخر میں جناب الطاف حسین نے میٹ دی پریس سے خطاب کی دعوت پر پریس کلب کے صدر محبوب خیام اور دیگر ارکان کا شکریہ ادا کیا۔بعدازاں گلگت یونین آف جرنلسٹس کے صدر امتیاز علی تاج نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے گلگت بلتستان کے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے مؤقف سے آگاہ کیا جس پر ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ ایم کیوایم آئینی طریقہ سے پارلیمنٹ میں گلگت بلتستان کے مسائل کے حل کیلئے آواز اٹھائے گی۔

## الطاف حسین کے نزدیک خدمت کے بغیر سیاست کھلی منافقت ہے، یاور جمیل

## گلگت بلتستان کی عوام حق پرست نامزد امیدوارں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر کامیاب بنائیں

## GBLA-19 گرونجر تحصیل پونیال ضلع غذر میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت ۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یاور جمیل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نزدیک خدمت کے بغیر سیاست کھلی منافقت ہے ہم ان کے فکر و فلسفے پر عمل پیرا ہوکر عوام کی خدمت کررہے ہیں، غریب عوام کے مسائل منتخب غریب نمائندے ہی حل کرسکتے ہیں اور یہی سوچ اور جذبہ لیکر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے انتخابات میں یہاں سے مقامی عام لوگوں کو امیدوار نامزد کیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کو گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حلقہ گلگت GBLA-19 میں حق پرست امیدوار شیر بہادر کے انتخابی حلقہ GBLA-19 گرونجر تحصیل پونیال ضلع غذر میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کارکنان اور حق پرست عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔یاور جمیل نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے غریب متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے شیر بہادر کو حق پرست امیدوار نامزد کرکے قائد تحریک کے فکر اور فلسفے کو عملی شکل دی ہے تاکہ شیر بہادر حلقہ کے مسائل کو بہتر انداز میں حل کرنے کیلئے ایوان میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ہم یہاں عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا یہ پیغام پہنچانے آئے ہیں کہ وہ اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کے مستقبل کو تابناک اور محفوظ بنانے کیلئے برادری، قوم پرستی اور مذہبی منافرت سے بالاتر ہوکر اس علاقے کی خوشحالی کیلئے کام کریں گے۔یاور جمیل نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالخالق بلوچ اور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی خان، حق پرست امیدوار شیر بہادر اور شعبہ خواتین کی رکن مشغول النساء نے بھی اپنے خیالات کا اظہار خیال کیا۔

## ملک پر غریبوں کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے متحدہ کرپشن، بدعنوانی اور استحصالی نظام کا جڑ سے خاتمہ کرے گی، ہادی حسین
## الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک کی ترقی کا ضامن ہے (عابد زیدی) کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ملک سے کرپشن، بدعنوانی موروثی سیاست اور استحصالی نظام کا جڑ سے خاتمہ کر کے انصاف وقانون پر مبنی غریبوں کی حکمرانی قائم کریگی۔ان خیالات کا اظہار گلگت سٹی GBLA-3 سے نامزد حق پرست امیدوار ہادی حسین نے اپنی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ سے ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی ،ضلعی کمیٹی کے رکن محمد علی ،نوید شمسی ،الیکشن سیل کے رکن سید اخلاق حسین عابدی نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پرعوام کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے نامزد امیدوار کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ہادی حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے ٹکٹ پر میری نامزدگی نظریے کی سچائی ہے میں الطاف حسین کا بھائی یا عزیز رشتہ دار نہیں بلکہ عام انسان ہوں جو اپنی حیثیت میں کونسلر کا الیکشن بھی نہیں لڑسکتا۔انہوں نے کہا کہ میں عوام کے مسائل کے حل کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کے اعتماد پر پورا اتر ونگا۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام نے اب تک تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو آزمالیا ہے کسی نے بھی عوام کے مسائل کے حل پر توجہ نہیں دی۔انہوں نے کہا کہ اس وقت تک عوام کے مسائل حل نہیں ہونگے جب تک عوام خود اپنے مسائل کے حل کیلئے میدان عمل میں نہیں آئینگے۔عابد زیدی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک کی ترقی کا ضامن ہے، پیغام حق پرستی ملک بھر میں پھیل چکا ہے، ایم کیوایم نے عوام کے درمیان سے پڑھے لکھے باصلاحیت عام نوجوانوں کو قومی وصوبائی اسمبلیوں بھیج کر ایسی روایت قائم کی ہے جس کی مثال پاکستان کی سیاسی تاریخ میں نہیں ملتی ہے۔گلگت بلتستان کے عوام گزشتہ 62 سالوں سے استحصالی نظام کا شکار ہیں وہ ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر عمل کر کے اس نظام سے نجات حاصل کرسکیں گے۔

## الطاف حسین کی جانب سے جی ایچ کیو پر حملے اور دہشت گردی کا شکار افواج پاکستان کے شہداء کی قبروں پر فاتحہ کی گئی

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت گزشتہ 21 اکتوبر سے پنجاب کے ایک ہفتہ کے دورہ پر جانے والا متحدہ اسکاؤٹس دستہ منگل کی صبح کراچی پہنچ گیا۔دستے کی واپسی کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ پر رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے استقبال کیا۔اسکاؤٹس نے قائد ایونیو پر سلامی پیش اور اس موقع پر اسکارف لگانے کی پروقار تقریب بھی منعقد ہوئی۔پنجاب میں اپنے دورے کے دوران متحدہ اسکاؤٹس نے قائد تحریک الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر جی ایچ کیو راولپنڈی پر دہشت گردوں کے حملے اور پنجاب کے مختلف شہروں میں دہشت گردی اور خودکش حملوں کے نتیجے میں شہید ہونے والے افواج پاکستان کے افسران ، جوانوں، سیکیوریٹی فورسیز کے اہلکاروں اور پولیس کے جوانوں کی قبروں پر حاضری دیکر سلامی دی اور شہداء کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔متحدہ اسکاؤٹس نے پنجاب کے شہروں بہاولپور، حاصل پور، سمندری فیصل آباد، گجرات اور راولپنڈی میں کمانڈ محمد رفیق نیازی، عرفان بخاری، نصراللہ خان نیازی، قدرت اللہ شہاب، شاہد اقبال، انجینئر وارث علی، بریگیڈئر معین الدین اور بریگیڈئر انوارالحق کی قبروں پر گئے اور ملک وقوم کے خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے شہادت کا رتبہ حاصل کرنے پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔اس دورے کے دوران متحدہ اسکاؤٹس نے افواج پاکستان اور پولیس کے شہید ہونے والے افسران اور جوانوں کے لواحقین سے بھی ان کے گھر جا کر ملاقات کی اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا۔

## کورنگی سیکٹر کے کارکن امجد علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن امجد علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے امجد علی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے اور انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔( آمین )

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن امجد علی، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن مقبول احمد خان کے والد مقصود احمد خان، ایم کیوایم اولڈ ملیر مراد میمن سیکٹر کے کارکن ریاض احمد جوکھیو کے چھوٹے بھائی محمد آصف جوکھیو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## حوالدار محمد ندیم شہید کی فاتحہ سوئم میں رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الورٰی اور دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

میران شاہ میں فوجی ہیلی کاپٹر کے تباہ ہونے کے المناک حادثے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الورٰی کے کزن حوالدار محمد ندیم شہید کا سوئم محمدی مسجد لانڈھی 36 بی میں ہوا جس میں شہید کی روح کو ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی۔ فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الورٰی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد احمد، اسمبلی، لانڈھی ٹاؤن کے ناظم، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اور محمد ندیم شہید سمیت ہیلی کاپٹر حادثے پر شہید فوجیوں کے بلند درجات کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## کراچی مضافاتی کمیٹی اولڈ ملیر مراد میمن گوٹھ سیکٹر ممبر کے چھوٹے بھائی لانس نائیک
## محمد آصف جوکھیو شہید کو تمام فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کر دیا گیا
## نمازِ جنازہ و تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور، ایم کیوایم کے ذمہ داران،
## کارکنان کے علاوہ اعلیٰ فوجی افسران و جوانوں کے علاوہ مرحوم کے رشتہ داروں نے شرکت کی

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2009ء

ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی اولڈ ملیر مراد میمن گوٹھ سیکٹر ممبر ریاض احمد جوکھیو کے چھوٹے بھائی بلوچ رجمنٹ کے لانس نائیک محمد آصف جوکھیو کو منگل کے روز سید یوسف شاہ قبرستان درسنہ چھنہ یوسی 2 گڈاپ ٹاؤن میں تمام فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ شہید محمد آصف جوکھیو کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں مزار خان جوکھیو گوٹھ میں ادا کی گئی۔ نماز و تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور، کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج، جوائنٹ انچارجز فرخ اعظم، اسلم بلوچ، عارف حیدر، اراکین کراچی مضافاتی کمیٹی کے علاوہ کے ایم اوسی اولڈ ملیر سیکٹر ذمہ داران و کارکنان پاکستان آرمی کے اعلیٰ افسران و فوجی جوانوں کے علاوہ مرحوم کے رشتہ داروں شرکت کی۔ دریں اثناء حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور اور ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان نے شہید محمد آصف جوکھیو کی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہید کے اعلیٰ درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ بعد ازاں حق پرست صوبائی وزیر نے شہید کے والد سے ملاقات کر کے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا تعزیتی پیغام پہنچایا۔ ایم کیوایم کے وفد سے شہید کے چچا غلام رسول جوکھیو نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور اپنے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ لانس نائیک محمد آصف جوکھیو شہید دہشتگردوں کیخلاف جاری جنگ آپریشن راہ نجات میں جواں مردی کے ساتھ لڑتے ہوئے جنوبی وزیرستان کے علاقے جنڈولہ میں مورخہ 24 اکتوبر کو جام شہادت نوش کیا۔

☆☆☆☆☆